## سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میرا سوال یہ ہے کہ جب بلیڈنگ ہونا رک جائے اور سفید پانی آنا شروع ہو جائے تو غسل کر کے نماز ادا کر سکتے ہیں یا چالیس دن پورے ہونے کے بعد غسل کیا جائے گا؟

## جواب

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واضح رہے کہ نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے اور کم سے کم کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ لہذا صورت مسئولہ میں نفاس کا خون آنے کے بعد نظر آنے والی خالص سفید رطوبت نفاس شمار نہیں ہوگی، بلکہ یہ نفاس ختم ہونے کی علامت ہے۔ اس دوران عورت پر نماز روزہ لازم ہے، البتہ اس سفیدی کے کپڑوں یا بدن پر لگ جانے سے اسے دھولیا جائے۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث